10 اگست 2015ء

مالی سال16ء کے پہلے مہینے میں کارکنوں کی ترسیلات زر 1.6ارب ڈالررہیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے جولائی مالی سال16ء کے دوران 1663.61 ملین امریکی ڈالروطن بھجوائے جس سے مس 15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 1649.39 ملین ڈالر کے مقابلے میں 0.86 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

بلحاظ ملک جولائی 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 474.42 ملین ڈالر، 367.51 ملین ڈالر، 255.32 ملین ڈالر، 232.33 ملین ڈالر، 197.86 ملین ڈالر، اور 32.5 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ جولائی 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 454.47 ملین ڈالر، 352.89 ملین ڈالر، 257.08 ملین ڈالر، 247.96 ملین ڈالر، 179.76 ملین ڈالر، اور 44.32 ملین ڈالر تھیں۔ جولائی 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 103.67 ملین ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 112.91 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆